http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کے 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر علی منصور

جلد : 24 | 20 ذی الحجہ 1447ھ پیر 08 جون 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 006

شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائیاں

72 دہشت گرد ہلاک

ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، ہلاک ہونیوالے دہشت گرد معصوم شہریوں کے قتل اور دہشت گردی کی مختلف سرگرمیوں میں ملوث تھے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سیکیورٹی فورسز نے خیبرپختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران کارروائیوں میں 27 خوارج کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات پر مبنی کارروائیوں کے سلسلے میں شمالی وزیرستان کے علاقے میرانشاہ میں متعدد مقامات پر کارروائیاں کیں۔ بیان میں کہا گیا کہ گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

سمندروں کا عالمی دن

نیول چیف کا مضبوط بحری محفوظ علاقوں کی ضرورت پر زور

کراچی (رپورٹ حمزہ منصور) پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف (نشان امتیاز، نشان ہلال، ستمغہ بسالت) نے سمندروں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ سمندروں کا عالمی دن ہر سال 8 جون کو منایا جاتا ہے جس کا مقصد سمندروں کی اہمیت کو تسلیم کرنا اور بحری ماحول کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داری کا اعادہ کرنا ہے۔ ایڈمرل نوید اشرف نے بتایا کہ سمندروں کے عالمی دن 2026 کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

گلگت بلتستان میں تاریخی اور پرامن انتخابات، 70 فیصد ووٹ کاسٹ ہوئے، چیف الیکشن کمشنر

گلگت (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف الیکشن کمشنر گلگت بلتستان راجا شہباز خان نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان بھر میں انتخابات پرامن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

ایران امریکا مذاکرات میں پاکستان ایک قابل اعتماد اور ذمہ دار ثالث ہے؛ چین بھی معترف

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی دعوت پر لبنانی آرمی چیف کا دورہ پاکستان

جنگ بندی پر اہم پیشرفت متوقع

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی میں کمی اور آبنائے ہرمز کی بندش ختم کرانے کے لیے پاکستان نے تعمیری سفارتی کردار ادا کیا ہے، پاکستان نے مختلف فریقوں کے درمیان رابطوں کو فروغ دینے اور کشیدگی میں کمی لانے کے لیے اہم کوششیں کی ہیں جنہیں چین قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، چینی سفیر کا ایرانی میڈیا کو انٹرویو

اسلام آباد، بیروت، تہران (رپورٹ رپورٹ) لبنان کی مسلح افواج کے سربراہ جنرل رودولف ہیکل اہم سرکاری دورے پر پاکستان پہنچنے والے ہیں، یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب لبنان میں اسرائیلی فوجی کارروائیاں جاری ہیں اور پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان سفارتی رابطوں اور ثالثی کی کوششوں میں مصروف ہے۔ لبنانی فوج کے جاری کردہ بیان کے مطابق جنرل رودولف ہیکل پاکستان کے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دعوت پر پاکستان روانہ ہوئے۔ تاہم لبنانی فوج کی جانب سے دورے کے دورانیے اور ملاقاتوں کی تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔ یہ دورہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب لبنان اور اسرائیل کے درمیان اپریل کے وسط میں ہونے والی جنگ بندی شدید دباؤ کا شکار ہے۔ لبنانی حکام کے مطابق 2 مارچ سے اب تک اسرائیل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

اسلام آباد: آزاد کشمیر کی تازہ صورتحال پر چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا پارلیمانی اجلاس جاری ہے

(امریکا کے متضاد اور بدلتے بیانات مذاکرات میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں، ایران) ایران میں رجیم چینج ناکامی پر موساد میں بڑی تبدیلیاں شروع

امریکا کا ایرانی تنصیبات پر حملہ، ایرانی فوج کے امریکی اڈوں پر جوابی حملے

امریکی طیاروں نے مبینہ طور پر داغے گئے 4 ایرانی ڈرونز کے جواب میں کارروائی کی اور تمام ایرانی ڈرونز کو مار گرایا، آبنائے ہرمز اور خلیجی ممالک کی طرف داغے گئے متعدد نیوکلیئر میزائل اور ڈرونز کو روکا گیا اور اس حملے میں کسی امریکی اہلکار کو کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں پہنچا، امریکی سینٹکام کا دعویٰ

تہران، واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا نے ایران میں گودرکو اور جزیرہ قشم میں ریڈار تنصیبات کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا جبکہ ایرانی پاسداران انقلاب نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے امریکی فضائی اڈوں کو نشانہ بنایا۔ امریکی سینٹکام کے مطابق امریکی طیاروں نے مبینہ طور پر داغے گئے 4 ایرانی ڈرونز کے جواب میں کارروائی کی اور تمام ایرانی ڈرونز کو مار گرایا۔ امریکی سینٹکام نے دعویٰ کیا کہ آبنائے ہرمز اور خلیجی ممالک کی طرف داغے گئے متعدد نیوکلیئر میزائل اور ڈرونز کو روکا گیا اور اس حملے میں کسی امریکی اہلکار کو کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ ایرانی خبر ایجنسی کا کہنا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

تہران: وزیر داخلہ محسن نقوی ایرانی ہم منصب عباس عراقچی سے ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی وزیر داخلہ کی ایرانی وزیر خارجہ سے ملاقات

وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کا خصوصی پیغام پہنچایا

پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی کا ایران پہنچنے اور وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی، دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا اور دونوں ممالک کے مابین تعاون کو مزید فروغ دینے پر بات کی، ایرانی سرکاری میڈیا

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر داخلہ محسن نقوی ایرانی سپریم لیڈر کے لیے وزیر اعظم شہباز شریف کا خصوصی پیغام لے کر تہران پہنچے اور عباس عراقچی کے حوالے کردیا۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی ایران پہنچے اور وزیر خارجہ عباس عراقچی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

گلگت بلتستان انتخابات، پیپلز پارٹی کا فارم 45 جاری نہ کرنے پر اظہار تشویش

گلگت (مانیٹرنگ ڈیسک) گلگت بلتستان اسمبلی کے 24 حلقوں میں انتخابی دنگل سج گیا، پولنگ کا عمل صبح 8 بجے شروع ہوا جو شام 5 بجے ختم ہوگیا، جس کے بعد گنتی کا عمل جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

غزہ فلوٹیلا کارکنوں سے بدسلوکی، فرانس نے اسرائیل کے خلاف جنگی جرائم کی تحقیقات شروع کردیں

پیرس (مانیٹرنگ ڈیسک) فرانس نے غزہ جانے والے فلوٹیلا قافلے کے سماجی کارکنوں کے ساتھ مبینہ اسرائیلی بدسلوکی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

ایران کے پاس 21 سے 22 فیصد میزائل باقی ہیں، معاہدے کے سوا کوئی راستہ نہیں، ٹرمپ کا دعویٰ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے میزائل ذخائر میں نمایاں کمی آچکی ہے اور اس کے پاس بالکل آخر سی نیوز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے پاس اب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8) معاہدہ کرنے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچے گا۔ این بی



آیت اللہ خامنہ ای کے دفتر پر حملے کے وقت میں بھی وہاں موجود تھا، عباس عراقچی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے دعویٰ کیا ہے کہ میں حملے کے وقت آیت اللہ خامنہ ای کے دفتر میں موجود تھا اور بے پایاں لگا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے امریکا اور ایران کے تعلقات پر کھلی بات کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی سپریم لیڈر اور امریکی صدر ڈونلڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

اسرائیلی ساختہ بھارتی ڈرون لاہور میں تباہ، پاک فضائیہ کا پلک جھپکتے وار

سال 2002 کا موسم بہار جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک انتہائی سنسنی خیز اور خطرناک دور تھا۔ اس سال لاہور کے آسمان پر ایک ایسا واقعہ پیش آیا جس نے تاریخ رقم کر دی۔ سات جولائی کو پاک فضائیہ نے اسرائیلی ساختہ بھارتی ڈرون کا ایسے طریقے سے مار گرایا جو کئی سے نہیں اپنایا تھا۔ دسمبر 2001 میں نئی دہلی میں بھارتی پارلیمنٹ پر ہونے والے ایک حملے کے بعد دونوں جوہری طاقتوں، پاکستان اور بھارت کے درمیان شدید کشیدگی پیدا ہو چکی تھی۔ دونوں ملکوں نے لاکھوں فوج سرحدوں پر آمنے سامنے کھڑی کر دی تھی، جسے بھارت کی طرف سے آپریشن پراکرم کا نام دیا گیا تھا۔ صورتحال اتنی سنگین تھی کہ واشنگٹن، لندن اور بیجنگ سے بیٹھے ہاہر بین انٹلی جنس کے ماہرین کو خطرات پر غور کرنے پڑے تھے اور امریکی وزیر خارجہ کولن پاول نے اس بحران کو اپنے کیریئر کا سب سے خوفناک ترین دور قرار دیا تھا۔ اس ماحول میں دونوں ممالک کی فوجیں ایک دوسرے کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے کے لیے جاسوسی مشن جاری رکھے ہوئے تھیں، اور اسی مقصد کے لیے بھارتی فضائیہ نے اس وقت اسے اسرائیلی ساختہ سرچ مارک ڈرونز کا جاسوسی ڈرون حاصل کیے تھے۔

نئی دہلی میں 26 جنوری 2007 کو 58 ویں یوم جمہوریہ کی پریڈ کے دوران سرچ مارک ڈرون ہیلی کاپٹر (رائج چھتہ سے گزر رہا ہے۔) تصویر دی میڈیا (سات جون 2002 کی رات کو بھارت کا ایک ایسا ہی ڈرون لاہور کے قریب پاکستانی حدود میں داخل ہوا۔ یہ ڈرون وزن میں ہلکا، سائز میں چھوٹا اور رفتار میں دھیما تھا، اور اسے اس طرح ڈیزائن کیا گیا تھا کہ یہ روایتی ریڈار کی نظروں سے بچ کر خاموشی سے دیہی علاقوں میں پرواز کر سکے۔ دفاعی ماہرین کا ماننا ہے کہ ایسے چھوٹے اور دھیمے طیاروں کو رات کے اندھیرے میں ریڈار پر پکڑنا اور پھر انہیں نشانہ بنانا کوئی معمولی بات نہیں بلکہ ایک غیر معمولی کامیابی ہے۔ پاک فضائیہ کا ریڈار سسٹم اس رات پوری طرح الرٹ تھا اور آپریٹرز نے اس چھوٹے سے سگنل کو نہ صرف وقت پر پہچانا بلکہ اس کا تعاقب بھی شروع کر دیا۔

پاک فضائیہ کے سرکاری اکاؤنٹ کے مطابق، ہمیشہ چوکنا رہنے والے پی اے ایف کے ایئر ڈیفنس سسٹم نے درانداز کی صحیح شناخت کی، اور اس کے چھوٹے سست رفتار اور کم بلندی والے پروفائل کی نگرانی کی۔ جیسے ہی سرحد کی خلاف ورزی کی تصدیق ہوئی، پاک فضائیہ کے کاٹ سیٹرز نے فوری کارروائی کا حکم دیا۔ جس کے بعد ڈرون کا ایک ایف 16 طیارہ رات کے اندھیرے میں فضا میں بلند ہوا، جس میں دو پائلٹ سوار تھے۔ اگلی نشست پر پائلٹ اسکواڈرن لیڈر ذوالفقار ایوب اور پچھلی نشست پر نیویگیٹر اسکواڈرن لیڈر افضل اعوان موجود تھے۔ ذیشان ریڈار آپریٹرز کی درست رہنمائی کی مدد سے یہ طیارہ رات کے گھنے اندھیرے میں اس چھوٹے سے ڈرون کے بالکل قریب پہنچ گیا۔ پائلٹس نے ہدف کی تصدیق کی اور اسکواڈرن لیڈر ذوالفقار ایوب نے ڈھائی سائیڈ ونائڈ سائیڈ ونائڈ سے آئی ایم 9۔ ایل میزائل فائر کر دیا۔ یہ ایک ہیٹ سیکنگ یعنی گرمی کی لہر کا پیچھا کرنے والا میزائل تھا، جس نے ڈرون کے چھوٹے سے انجن کی گرمی کو لاک کیا اور اسے فضا میں ہی تباہ کر دیا۔ چلتن کے صحرا اور فضا میں پرواز کرتے ہوئے پاک فضائیہ کے ایف 16 (85726) نمبر (84608 طیارے، جو پاک فضائیہ کی بنیادی فضا سے فضا میں مار کرنے والے ہتھیار سائیڈ ونائڈ میزائلوں سے لیس ہیں۔ تصویر: مشکر یہ پاک فضائیہ اس طیارے کا ملبہ پاکستانی حدود میں گرا جسے بعد میں ثبوت کے طور پر اکٹھا کر لیا گیا۔ پاک فضائیہ نے اس کارروائی کو ایک ایسے شکار سے تعبیر کیا جسے اب تک ناممکن تصور کیا جاتا تھا۔

اس واقعے کو عالمی ہوابازی کی تاریخ میں اس لیے یاد رکھا جاتا ہے کیونکہ پیدنیا میں پہلی بار ہوا تھا کہ کسی لڑاکا طیارے نے رات کے وقت گرمی کی لہر کا پیچھا کرنے والے میزائل سے کسی ڈرون کو مار گرایا ہو۔ جاسوسی مشنز اگرچہ بین الاقوامی قوانین کے تحت فضائی حدود کی خلاف ورزی ہیں، لیکن جنگی حالات میں یہ تمام بڑی افواج کا ایک معمول کا حصہ سمجھے جاتے ہیں اور بھارت نے اس مشن کی تفصیلات کبھی بھی باقاعدہ تصدیق نہیں کی۔ پاکستان کے لیے یہ کارروائی اپنی فضائی سرحدوں کے کامیاب دفاع کی ایک بڑی علامت بن گئی، جبکہ عالمی عسکری اداروں کے لیے اس واقعے نے یہ ثابت کر دیا کہ جدید ترین ڈرون بھی ناقابل شکست نہیں ہوتے۔ اور اس کی تازہ مثال ایران کے ہاتھوں امریکی ایم کیو ون ڈرونز کی پے در پے تباہی ہے۔ پاک فضائیہ کے بیان کے مطابق، فضائی دفاع کے آپریٹرز اور ٹائپونوں نے اس کارروائی میں غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت اور پختہ عزم کا مظاہرہ کیا، جو پاکستان کی فضائی سرحدوں کی حفاظت کے لیے ہمیشہ قائم رہے گا۔ بعد میں بین الاقوامی سفارتی کوششوں سے یہ کشیدگی تو ختم ہوگئی لیکن یہ واقعہ جنوبی ایشیا کی عسکری تاریخ کا ایک یادگار باب بن گیا۔



تنخواہوں و پنشن میں 7 سے 10 فیصد تک اضافہ متوقع

نیا وفاقی بجٹ تعلیم اور ایچ ای سی کیلئے 78.5 ارب روپے تجویز

آئندہ بجٹ میں تعلیم، ہائر ایجوکیشن کمیشن کیلئے 78.5 ارب روپے، مستحق طلبہ کو تعلیمی وظائف کیلئے 3 ارب، پرائم منسٹر یوتھ اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام میں 3.29 ارب روپے، مقبوضہ کشمیر کے طلبہ کو سکالرشپ کیلئے 150 کروڑ، دانش اسکولز نیٹ ورک کا دائرہ پسماندہ علاقوں تک پھیلانے کیلئے اربوں مختص کرنے کی تجویز ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نئے وفاقی بجٹ میں شعبہ صحت کیلئے 22 ارب روپے، پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کیلئے 187.2 ارب روپے مختص کرنے کی تجاویز سامنے آگئیں۔ متعدد ذرائع کے مطابق صحت کے بجٹ میں 1.30 ارب روپے بیرونی امداد 20.70 ارب روپے مقامی وسائل سے فراہم ہوں گے۔ صحت وفاقیت کیلئے 3.24 ارب روپے، ترقیاتی بجٹ میں سٹیل سیکٹر کے 187.2 ارب روپے میں سے 2.2 فیصد شعبہ صحت کیلئے مختص، امراض قلب سے بچاؤ اور تحقیق کیلئے 1.5 ارب روپے، آرتھوپیڈک سرجری کیلئے 1 ارب روپے، اسلام آباد میں میڈیکل سٹی کیلئے زمین حاصل کرنے کیلئے علاقائی فنڈز مختص ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ بجٹ میں تعلیم، ہائر ایجوکیشن کمیشن کیلئے 78.5 ارب روپے، مستحق طلبہ کو تعلیمی وظائف کیلئے 3 ارب، پرائم منسٹر یوتھ اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام میں 3.29 ارب روپے، مقبوضہ کشمیر کے طلبہ کو سکالرشپ کیلئے 150 کروڑ، دانش اسکولز نیٹ ورک کا دائرہ پسماندہ علاقوں تک پھیلانے کیلئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

سوشل میڈیا پر اراکاڑہ اور ساہیوال کی مزاحیہ جنگ، ٹرمپ نے ہاتھ کھڑے کردیئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سوشل میڈیا پر ان دنوں اوکاڑہ اور ساہیوال کے درمیان ایک دلچسپ اور مزاحیہ جنگ موضوع بحث بنی ہوئی ہے، اگرچہ یہ کوئی حقیقی تنازع نہیں بلکہ میمز اور طنزیہ پوسٹس پر مشتمل ایک آن لائن مقابلہ ہے، تاہم اس نے صارفین کی بھرپور توجہ حاصل کر لی ہے۔ اس فرضی جنگ میں دونوں شہروں کے سوشل میڈیا صارفین ایک دوسرے پر طنز و مزاح کے تیر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)



آزاد کشمیر صورتحال، صدر مملکت اور وزیر اعظم کی ملاقات کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کی ہے جس میں ایران امریکا مذاکرات پر گفتگو کی گئی۔ ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ محسن نقوی کی وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات لاہور میں ہوئی، جس میں ملک کی داخلی سکیورٹی صورتحال پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

قانون ہاتھ میں لیا جائے گا تو ریاست آہنی ہاتھوں سے نمٹے گی، وزیر اعظم آزاد کشمیر

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے عوامی ایکشن کمیٹی سے مذاکرات کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے قانون ہاتھ میں لینے پر حقیقت کارروائی کی وارننگ بھی دے دی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ ہم عوامی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)





لاہور میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 2 دہشتگرد ہلاک

لاہور (بیورو رپورٹ) انکشاف انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) پنجاب نے کوہ سلیمان کے پہاڑی علاقے میں خفیہ کارروائی کرتے ہوئے دو مبینہ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

پیپلز پارٹی کا آزاد کشمیر میں سیاسی مسائل کے حل کیلئے ڈائیلاگ اور مذاکرات کا راستہ اختیار کرنے پر اتفاق

سپریم کورٹ نے باقی ماندہ آئینی معاملات منتخب اسمبلی کے سپرد کرنے کے حکومتی فیصلے کی توثیق کی، عدالت نے واضح کیا ہے آئینی ترمیم عوامی مینڈیٹ، پارلیمانی بحث اور آئینی طریقہ کار سے ہی ممکن ہے، بریفنگ

کشمیری پارلیمانی قیادت کا زرداری ہاؤس میں اجلاس ہوا، پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی قیادت نے اجلاس کے شرکا کو پریذیڈنٹ آصف علی زرداری کا پیغام پہنچایا، شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کا وفد بھی آزاد کشمیر پہنچ گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف چیئرمین بلاول بھٹو کی زیر صدارت پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی قیادت نے اجلاس کے شرکا کو پریذیڈنٹ آصف علی زرداری کا پیغام پہنچایا، شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کا وفد بھی آزاد کشمیر پہنچ گیا

سولر پینلز کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام کا معاشی قتل ہے، ارسلان خالد

بدترین لوڈشیڈنگ کے باعث سستی بجلی کا واحد سہارا سولر انرجی ابھی بچا تھا، شہری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کراچی کے جنرل سیکریٹری ارسلان خالد نے کراچی میں پانی کی قلت کے سنگین بحران پر گورنر تاشیر کا اظہار کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

خالد نے مالی سال کے بجٹ سے قبل ہی سولر پینلز کی قیمتوں میں 40 ہزار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا لیڈی ڈاکٹر کی جان بچانے والے وارڈ بوائے کیلئے سول ایوارڈ کا اعلان

عبدالرزاق ترکئی کی جرات کو قومی سطح پر سراہا جائے گا، عبدالرزاق ترکئی کی بروقت کارروائی نے انسان دوستی اور پیشہ ورانہ ذمے داری کی اعلیٰ مثال قائم کی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے لیڈی ڈاکٹر ماہ نور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

پنکی کا وائس نوٹ کی تصدیق سے انکار، ملزمہ کی آواز کا فارنزک کروانے کیلئے اجازت طلب

کراچی (رپورٹ محمد فیصل) اغوا برائے تاوان کیس میں گرفتار ملزمہ انمول عرف پنکی نے دوران تفتیش وائس نوٹ کی تصدیق سے انکار کر دیا۔ ملزمہ کے انکار کے بعد تفتیشی افسر نے جو جوڈیشل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

کراچی: سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن میڈیا سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی پی آر ٹی ایل لائن منصوبے میں 6 ارب روپے سے زائد کی مبینہ کرپشن کا انکشاف

پی آر ٹی ایل لائن کے سابق پی ڈی ضمیر عباسی نے قواعد کے خلاف ایڈوانس پیمنٹ کی، سیکرٹری ٹرانسپورٹ نے حکومت سے ایکشن لینے کے لیے چیف سیکرٹری کو خط لکھا ہے، سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی آر ٹی ایل لائن منصوبے میں 6 ارب روپے سے زائد کی مبینہ کرپشن کا انکشاف ہوا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

آئی ایم ایف پروگرام، حکومت کا محدود ٹیکس ریلیف پر غور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت آئندہ بجٹ میں وسیع پیمانے پر ٹیکس ریلیف دینے کے بجائے جاری ریلیف پیکیج پر محدود کارروائی ہی کرے گی، بتا کر گیٹن الاؤنسی مالیاتی فنڈ) آئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

پاکستان سے وفا کرنیوالوں کو ملک کی ترقی و خوشحالی کو یقینی بنانا ہوگا، شاہ اب رضا نقشبندی

غریب معاشی طور پر پریشان حال ہیں عدل و انصاف نظر نہیں آتا ایسی صورتحال میں ملک بنانے والوں کی اولادوں کے دل تکلیف میں ہیں، سربراہ سنی تحریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاہ اب رضا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ صوبائی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں پولیو کا خاتمہ ہمارا قومی مقصد ہے

مصطفیٰ کمال

پولیو کے خلاف قومی مہم کی کامیابی کیلئے نگرانی کے نظام مضبوط بنایا جائے، فیلڈ آپریشنز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے موثر اور مضبوط بنائیں،

پولیو کے خاتمے کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کو یقینی بنائیں، عوام بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے پولیو کے قطرے ضرور پلائیں، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں پولیو کا خاتمہ ہمارا قومی مقصد ہے۔ ترجمان وفاقی وزارت صحت کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

زیریں سندھ میں پانی کا قحط شدت اختیار کر گیا

پانی (نمائندہ خصوصی) زیریں سندھ میں پانی کا قحط شدت اختیار کر گیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

مختلف پولیس مقابلوں میں 7 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار، ایک فرار

ملزمان کے مجرمانہ ریکارڈ اور دیگر وارداتوں میں ملوث ہونے کے حوالے سے تحقیقات جاری ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

ایشیا پروگرام پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، شاہی کوریا کا دو ٹوک اعلان

بیانگ یانگ (مانیٹرنگ ڈیسک) شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان کی بلاٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

کراچی: آئی جی سندھ جاوید عالم اور دیگر شہداء کے سربراہ اقارب کے سربراہ ملاقات کر رہے ہیں

کراچی، عباس ٹاؤن کے ایک گھر میں لگنے والی آگ پر قابو پالیا گیا

بروقت کارروائی کے نتیجے میں آگ کو مزید پھیلنے سے روک لیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں عباس ٹاؤن کے علاقے گھر گوٹھ میں ایک رہائشی مکان میں ایک آگ بھڑک اٹھی آگ کی اطلاع پر ریسکیو ٹیموں کو طلب کیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

بجٹ سے قبل ہی سولر پینلز کی قیمتوں میں ہزاروں روپے کا اضافہ

مختلف صلاحیت کے سولر پینلز کے نرخوں میں نمایاں بڑھتوری ریکارڈ کی گئی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی بجٹ پیش ہونے سے پہلے ہی سولر پینلز کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، جبکہ مختلف صلاحیت کے سولر پینلز کے نرخوں میں نمایاں بڑھتوری ریکارڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی: گلزار ہجری میں انتظامی غفلت کے باعث سیوریج کا پانی سڑکوں پر بھرا ہوا ہے

ایک روزہ کراچی ٹیسٹ اے آئی انویشن سیمنٹ 2026 کانفرنس کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت کے محکمہ محنت اور نوجوانان کے زیر اہتمام ایک روزہ کراچی ٹیسٹ اے آئی انویشن سیمنٹ 2026 کانفرنس کا انعقاد ہوا، کانفرنس کا افتتاح سیکریٹری محنت اور نوجوانان سندھ منور علی بھمبرو نے کیا، کانفرنس میں سی ای (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

امریکا کو اسرائیلی جاسوسی کا خوف؟ پینٹاگون نے خطرے کی سطح بلند ترین درجے پر پہنچا دی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی محکمہ دفاع (پینٹاگون) نے مبینہ اسرائیلی جاسوسی کے پیش نظر ہائے سے چین نظر امریکا سے متعلق اپنی کائنا انٹیلیجنس خطرے کی درجہ بندی کو انتہائی بلند سطح تک بڑھا دیا ہے۔ یہ دعویٰ ایک امریکی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

سول اسپتال کراچی کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر خالد بخاری نے کراچی پریس کلب کا دورہ کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاکٹر رفعت فاؤ سول اسپتال کراچی کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر خالد بخاری نے کراچی پریس کلب کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سیکریٹری کلب اسلم خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سینئر ارکان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

بیوی کی ناراضی سے دلبرداشتہ 4 بچوں کے باپ نے خودکشی کر لی

عبدالرحمٰن کی اہلیہ تقریباً 4 ماہ قبل ناراض ہو کر میکے چلی گئی تھی، اہل خانہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں ایک کمرے ایک شخص کی پھندا لگی لاش پائی گئی۔ پولیس کے مطابق متوفی کی شناخت عبدالرحمٰن کے نام سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

اسلامی جہاد نے اسرائیل میں نارتھ لائنہ کو فلسطینیوں پر مظالم کا ردعمل قرار دیدیا

مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فورسز نے 6 فلسطینیوں کو گرفتار کر لیا

جنگ بندی کے باوجود لبنان پر اسرائیلی فضائی حملے

جنرل سمیت 3 فوجی اہلکار جاں بحق

اسرائیلی فورسز نے رام اللہ کے مشرق میں واقع گاؤں کفر مالک سے تین فلسطینیوں کو گرفتار کر لیا، عرب میڈیا کے بریگیڈیئر جنرل وسام عمیرا، لیفٹیننٹ ایلی خوری اور سپاہی تسنین غزال جاں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

بیروت: غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) جنوبی لبنان میں اسرائیلی فضائی حملے کے نتیجے میں لبنانی فوج کے ایک فوجی اہلکار سمیت 3 اہلکار جاں بحق ہو گئے۔ روئٹرز کے مطابق اسرائیلی فضائیہ نے جنوبی لبنان میں کمرشیئل اور خاردالی کے درمیان سڑک پر ایک فوجی قافلے کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں لبنانی فوج

کراچی: میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کو دورے کے موقع پر منگو وزیر ڈیک کی تفصیلات سے آگاہ کیا جا رہا ہے

میئر کراچی کا مون سون سے قبل بڑے نالوں کی صفائی کا فیصلہ، 60 کروڑ روپے مختص

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ عظمیٰ کراچی نے مون سون قبل شہر کے بڑے نالوں کی صفائی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کی زیر صدارت ترقیاتی اور سیوریج (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

آئی جی سندھ سے ''دو شہدا۔ رن'' کے بانی کی ملاقات، 2026 رن کا اعلان

کراچی (رپورٹ عامر صابر) انسپکٹر جنرل آف پولیس سندھ جاوید عالم اوڈھو سے سینٹرل پولیس آفس کراچی میں شہداء رن کے بانی و آرگنائزر سہیل سردار نے ملاقات کی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

خوارجی کمانڈر شریعت اور جہاد کے نام پر نوجوانوں کو ورغلاتے ہیں

ہلاک خوارج کے ہاتھوں گرفتار دہشتگرد کا بیان

خوارجی منشیات کے عادی ہیں اور مرکز کے اندر غیر اخلاقی سرگرمیوں میں بھی ملوث ہیں، خوارجی کمانڈر رانی پسند کے لڑکوں سے غیر اخلاقی حرکات کرتے ہیں، یہ خوارجی گروہ بھتہ خوری، گاڑیاں چھیننے اور اغوا برائے تاوان میں بھی ملوث ہے، خارجہ عمر دین

چند کا اعترافی بیان میں کہنا ہے کہ فتنہ الخوارج کو معاونت حاصل ہوتی ہے۔ گرفتار خارجی دہشتگرد عمر افغانستان میں موجود خوارجی کمانڈروں سے ملی دین عرف جند بہ نے ویڈیو بیان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستانی سیکورٹی فورسز کے ہاتھوں گرفتار خارجی دہشتگرد عمر دین عرف

کراچی میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، شہری سراپا احتجاج

ہیٹ ویو کے دوران پانی کی قلت نے عوامی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) الفاء فاؤنڈیشن ٹرسٹ کے چیئرمین میاں محمد مقصود ہیسن راشس انٹرنیشنل کے چیئرمین میاں محمد مقصود

تیزاب گردی کا شکار ڈاکٹر ماہ نور ناصر علاج کے لیے کراچی منتقل

تیزاب گردی کے واقعے کے خلاف ایمرجنسی سروسز کے علاوہ تمام طبی خدمات کا بائیکاٹ جاری رہے گا، واقعہ کیخلاف سول اسپتال کوئٹہ سے پرامن ریلی نکالی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تیزاب گردی کا شکار ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو علاج (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

جعلی ڈرائیونگ لائسنس پر قطر جانے کی کوشش ناکام، مسافر کو آف لوڈ کر دیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) امیگریشن ونگ نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر کارروائی کرتے ہوئے قطر جانے والے ایک مسافر کو جعلی ڈرائیونگ لائسنس استعمال کرنے کی کوشش پر آف لوڈ کر دیا۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق مسافر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

طالبان رجیم نے جرمنی سے اپنے شہریوں کو واپس لینے سے صاف انکار کر دیا

میونخ (مانیٹرنگ ڈیسک) طالبان رجیم کی ہٹ دھرمی کے باعث جرمنی سے افغان شہریوں کو واپس لانے والی پرواز ممنوع کر دی گئی۔ جرمن نیوز ایجنسی ڈی پی اے کے مطابق طالبان رجیم کے عدم تعاون کے باعث جرمنی سے افغان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

عالمی سطح پر پاکستان کے وقار اور سفارتی اہمیت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، مشتاق نعمان نعیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مباحہ منور بحالیہ کے صدر ڈاکٹر مشتاق نعمان نعیم نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر پاکستان کے وقار اور سفارتی اہمیت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان سفارتی پاسپورٹس پر ویزا نہ لگانے کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

کراچی: محکمہ زراعت سندھ کے زیر اہتمام ہیلتھ ایوارڈ کی تقریب میں ایوارڈ حاصل کرنے والے ڈاکٹر اور دیگر شرکا

معیاری غذا شہری کا بنیادی حق اور صحت مند قوم کی ضمانت ہے

وزیر اعلیٰ سندھ

عالمی یوم غذائی تحفظ ہمیں صحت مند اور محفوظ مستقبل کے لیے اجتماعی کردار ادا کرنے کا پیغام دیتا ہے، بچوں، خواتین اور کمزور طبقات کو محفوظ خوراک کی فراہمی حکومت سندھ کی اولین ترجیح ہے کیونکہ محفوظ غذا ہی صحت مند قوم اور مضبوط معیشت کی بنیاد ہے

شاہد نے عالمی یوم غذائی تحفظ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ محفوظ غذا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

سندھ اور پنجاب میں ہیٹ ویو کا الرٹ جاری

8 سے 12 جون کے دوران پنجاب کے بیشتر اضلاع میں درجہ حرارت معمول سے 5 سے 7 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہنے کا امکان ہے، پی ڈی ایم اے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی ڈی ایم اے نے آج کندہ ہفتے پنجاب میں ہیٹ ویو کا الرٹ جاری کر دیا۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق 8 سے 12 جون کے دوران پنجاب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کا پوتیہ فورم کے رکن محب کاظمی کے والد سید حیدر کاظمی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے ایم کیو ایم پوتیہ فورم کے رکن محب کاظمی کے والد سید سعید حیدر کاظمی کے رضائے الٰہی سے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اس سلسلے میں چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے محب کاظمی سے فون پر رابطہ کیا اور ان کے والد کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

وفاق اور سندھ مہاجر قوم کے زخموں پر مزید نمک نہ چھڑکے، شوکت اللہ فاروقی

آئینی ترمیم یا بجٹ کے موقع پر وفاق کراچی صوبے کا رڈ کھیل شروع کر دیتا ہے، شہری سندھ، متروکہ املاک کے قانون کے تحت مہاجر قوم کی کلیم پراپرٹی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مہاجر قومی موومنٹ (پاکستان) کے چیئرمین فاروق اعظم کی رہائشگاہ پر ڈسٹرکٹ سینٹرل سے آئے مہاجر کارکنوں کے ایک وفد سے چیئرمین شرکت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

ایف آئی اے حیدرآباد کی بڑی کارروائی، بھرتی ٹیسٹ کے دوران 2 جعل ساز گرفتار

میرٹ، شفافیت اور قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور بھرتیوں کے شفاف عمل کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، ڈائریکٹر ایف آئی اے

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے حیدرآباد زون نے بھرتی ٹیسٹ کے دوران جعل سازی کی دو مختلف کوششوں کو بروقت ناکام بناتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

محفوظ اور معیاری خوراک ہر شہری کا بنیادی حق ہے، وزیر خوراک سندھ

معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ورلڈ فوڈ سیفٹی ڈے کے موقع پر وزیر خوراک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

اے این ایف کا تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کیخلاف کریک ڈاؤن

راولپنڈی بس ٹرمینل سے 2 ملزمان کے قبضے سے 3.6 کلوگرام چرس برآمد، اسلام آباد میں ایک یونیورسٹی کے قریب ملزم کے قبضے سے 1.2 کلوگرام چرس برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

ہیلتھ ایوارڈ کی تقریب میں 48 ڈاکٹرز کو ایوارڈز دیے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈرلز ہیلتھ ایوارڈ کی تقریب میں 48 ڈاکٹرز کو ایوارڈز دیے گئے۔ تقریب میں ڈاکٹر ثمینہ ظفر، ڈاکٹر سلمان رضا، ڈاکٹر سید عبدالباری، ڈاکٹر ثمینہ کمال، ڈاکٹر سید عبدالمالک، ڈاکٹر سید عبدالوحید، ڈاکٹر سید عبدالقادر، ڈاکٹر سید عبدالرحمان، ڈاکٹر سید عبدالرحیم

روزنامہ تشکر نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور یڈیز لاؤنج III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

قائد کی شہر سے

کراچی مچھی میانی میں تجاوزات کیخلاف بڑا آپریشن

6 افراد گرفتار
8 ٹرک سامان ضبط

آرام باغ کو تجاوزات سے پاک بنانے کا مشن جاری رہے گا اور شہریوں کی سہولت کے لیے عوامی مقامات اور سڑکوں کو ہر صورت کھلا رکھا جائے گا، حازم بھٹکوار

کراچی (رپورٹ فراز حسین) کشمیر کالونی کی نخرانی میں بھی میانی کے علاقے میں تجاوزات کے سڑکوں زمین میں دروغ گوئیاں تو تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن کیا گیا۔ کارروائی کے دوران ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر آرام باغ حاظم بھٹکوار کو بنایا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر آرام باغ حاظم بھٹکوار کے مطابق آپریشن کے دوران تجاوزات میں استعمال ہونے والا سامان ضبط کرتے ہوئے 8 ٹرکوں میں منتقل کیا گیا، جبکہ 6 افراد کو گرفتار بھی کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ مقام سے متعلق من روا ادعوائی گزرگاہ تھی جس پر تجاوزات قائم کر کے شہریوں کی آمدورفت میں رکاوٹ پیدا کی جارہی تھی۔ حاظم بھٹکوار نے واضح کیا کہ تجاوزات کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریکٹر کارروائی بھی عمل میں لائی جائیں گی۔ انہوں نے مارکیٹوں کا دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی مقررہ حدود کے اندر رہ کر کاروباری سرگرمیاں انجام دیں اور شہریوں کو اپنی بنائے ہوئے پاکھوں پر چھپے کریز کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آرام باغ کو تجاوزات سے پاک بنانے کا مشن جاری ہے گا اور شہریوں کی سہولت کے لیے عوامی مقامات اور سڑکوں کو ہر صورت کھلا رکھا جائے گا۔ مذکورہ مقام میں روڈ اور عوامی گزرگاہ تھی جس پر تجاوزات قائم کر کے شہریوں کی آمدورفت میں رکاوٹ پیدا کی جارہی تھی۔

سی پی ایس پی کی قیادت کا این آئی سی وی ڈی کی مفت امراض قلب کی خدمات کو خراج تحسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قومی ادارہ برائے امراض قلب (این آئی سی وی ڈی) کراچی کا وفاق آف فیڈریشنز اینڈ سرجنز پاکستان (سی پی ایس پی) کے اعلیٰ سطحی وفد کی میزبانی کا اعزاز حاصل ہوا۔ وفد کی قیادت کرنل (ر) سید رضا کاظمی کر رہے تھے، جبکہ ان کے ہمراہ پروفیسر خالد مسعود گوندل کر رہے تھے، جبکہ ان کے ہمراہ پروفیسر محمد شعیب شیالی، سینئر نائب صدری پی ایس پی، پروفیسر امیرین فضل، نائب صدری پی ایس پی اور سی پی ایس پی کے ٹرسٹی بھی موجود تھے۔ سی پی ایس پی کے وفد کا استقبال پروفیسر طارق صفیر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر این آئی سی وی ڈی نے ادارے کی سینئر انتظامیہ اور فیکلٹی اراکین کے ہمراہ کیا۔ اس موقع پر پروفیسر طارق صفیر نے این آئی سی وی ڈی کی مفت اور معیاری طبی خدمات، اس کے فیکلٹی ممبران اور طبی عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، لگن اور طبی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور اسے پاکستان میں صحت کی بہترین سہولیات اور پوسٹ گریجویٹ طبی تعلیم کا ایک مثالی ادارہ قرار دیا۔ پروفیسر طارق صفیر، انیز کیڈ

ڈائریکٹر این آئی سی وی ڈی نے حکومت سندھ کی جانب سے صحت کے شعبے پالخصوص این آئی سی وی ڈی کی مسلسل سرپرستی اور تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ کے وژن اور عملی اقدامات کی بدولت این آئی سی وی ڈی جدید اور جامع امراض قلب کی سہولیات کو ملک بھر کے مریضوں کو مکمل طور پر مفت فراہم کر رہا ہے اور اب یہ ٹیسٹ دور کو مکمل وحدت رہا ہے۔ انہوں نے سی پی ایس پی کی قیادت کا این آئی سی وی ڈی کے دورے اور ادارے کی خدمات کو سراہتے ہوئے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اظہار کیا کہ این آئی سی وی ڈی اور سی پی ایس پی کے درمیان باہمی تعاون بہتر سے بہتر کرنے کے لیے طبی تعلیم

جامع پریزنٹیشن پیش کی۔ وفد کو این آئی سی وی ڈی کی جدید کارڈک سرجری، ٹن میں انٹرونشنل کارڈیالوجی، کارڈیک سرجری، پیڈیاٹرک کارڈیالوجی، ایمرجنسی کارڈیک کیئر اور سٹاٹسٹک سینٹرز کے ذریعے مفت اور معیاری علاج کی فراہمی شامل ہے، کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ پروفیسر خالد مسعود گوندل نے سی پی ایس پی کی حالیہ تعلیمی سرگرمیوں اور پوسٹ گریجویٹ میڈیکل ایجوکیشن کے فروغ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے این آئی سی وی ڈی کو امراض قلب کے علاج اور طبی تعلیم کے میدان میں ایک مثالی ادارہ قرار دیا۔ پروفیسر خالد مسعود گوندل اور پروفیسر محمد شعیب شیالی نے این آئی سی وی ڈی کی ترقی اور توسیع میں حکومت سندھ کے وژن اور مسلسل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ کی صحت

بہتر بنانے اور پوسٹ گریجویٹ میڈیکل ایجوکیشن کے فروغ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے این آئی سی وی ڈی کو امراض قلب کے علاج اور طبی تعلیم کے میدان میں ایک مثالی ادارہ قرار دیا۔ پروفیسر خالد مسعود گوندل اور پروفیسر محمد شعیب شیالی نے این آئی سی وی ڈی کی ترقی اور توسیع میں حکومت سندھ کے وژن اور مسلسل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ کی صحت

کے شعبے میں خصوصی توجہ اور سرپرستی کے باعث این آئی سی وی ڈی (این آئی سی وی ڈی) کراچی کا وفاق آف فیڈریشنز اینڈ سرجنز پاکستان (سی پی ایس پی) کے اعلیٰ سطحی وفد کی میزبانی کا اعزاز حاصل ہوا۔ وفد کی قیادت کرنل (ر) سید رضا کاظمی کر رہے تھے، جبکہ ان کے ہمراہ پروفیسر خالد مسعود گوندل کر رہے تھے، جبکہ ان کے ہمراہ پروفیسر محمد شعیب شیالی، سینئر نائب صدری پی ایس پی، پروفیسر امیرین فضل، نائب صدری پی ایس پی اور سی پی ایس پی کے ٹرسٹی بھی موجود تھے۔ سی پی ایس پی کے وفد کا استقبال پروفیسر طارق صفیر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر این آئی سی وی ڈی نے ادارے کی سینئر انتظامیہ اور فیکلٹی اراکین کے ہمراہ کیا۔ اس موقع پر پروفیسر طارق صفیر نے این آئی سی وی ڈی کی مفت اور معیاری طبی خدمات، اس کے فیکلٹی ممبران اور طبی عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، لگن اور طبی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور اسے پاکستان میں صحت کی بہترین سہولیات اور پوسٹ گریجویٹ طبی تعلیم کا ایک مثالی ادارہ قرار دیا۔ پروفیسر طارق صفیر، انیز کیڈ

سینٹرل پولیس کراچی، شاہین فورس کو خواجہ اجمیر نگری کا ڈاکوؤں سے مقابلہ

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس کی شاہین فورس نے خواجہ اجمیر نگری میں ڈاکوؤں سے مقابلہ کرتے ہوئے ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا ہے جبکہ اس کا ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ فرار ملزم کی شناخت جاری ہے۔ گرفتار زخمی ملزم کی شناخت عبدالرائق ولد ملک سجاد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے ایک عدد 30 بور پستول بمعہ راؤنڈز برآمد کر لیے جبکہ واردات میں چھینی جانے والی موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی گئی۔ زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے عوامی شہید اسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔ فرار ملزم کی گرفتاری اور مزید قانونی کارروائی کے لیے تفتیش جاری ہے۔

اسد حنیف کی زیر قیادت وفد کا بارگاہ فاطمہ الزہرا کا دورہ، محرم الحرام میں عزاداروں کو درپیش مسائل کا جائزہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع وسطی کے انلاء نگران نگہ بیری اور فوجل پرسن سندھ سالارڈیٹ مینجمنٹ اسد حنیف نے فوجل پرسن وزیر بلدیات و صدر PS-125 سید محمد علی بھائی، ڈائریکٹر سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ ارشاد احمد PS-125 اور PS-126 کے تعلیمی عہدیداران کے ہمراہ محرم الحرام کے انتظامات اور عزاداران حسین اور پیش مسائل کا جائزہ لینے کے لیے بارگاہ فاطمہ الزہرا کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پیپلز پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن (PSF) کے انلاء نگران سکیریٹری عمیر بلگیٹ بھی وفد کے ہمراہ موجود تھے۔ وفد نے بارگاہ میں منتظمین اور ذمہ داران سے ملاقات کی اور محرم الحرام کے دوران صفائی، شفرانی، ویٹ کلینکس، سیوریج، اسٹریٹ کلینکس، جلوس وجلاس کے راستوں کی صفائی اور دیگر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ بارگاہ انتظامیہ نے وفد کو عزاداران کو درپیش بعض مسائل اور ضروریات سے بھی آگاہ کیا۔ اس موقع پر اسد حنیف نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران عزاداران حسین کو صاف ستھرا ماحول اور بہتر ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ

سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سمیت تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دیں اور عزاداران حسین کے راستوں پر صفائی اور بہتر سہولیات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنائی جائے۔

ترقیاتی منصوبے کرپشن اور نااہلی کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں، ثروت اعجاز قادری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے کہا ہے کہ کراچی کے ترقیاتی منصوبوں میں بہترین کوالٹی کے بجائے ناقص منصوبہ بندی، غیر معیاری تعمیرات اور کمیشن کا کلچر کرپشن نے ملک کے سب سے بڑے شہر کو مسائل کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ عوام روزانہ ٹوٹی پھوٹی سڑکوں، کھدے ہوئے راستوں، سیوریج کے مسائل، ٹریفک جام اور خراب بلدیاتی سہولیات کی کمی کا سامنا کر رہے ہیں جبکہ ذمہ دار ادارے ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈال کر اپنا دامن بچانے میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں بیتحاشا تاخیر ہوئی ہے اتنا ہی کرپشن میں اضافہ ہوا ہے۔ ایک منصوبہ جو چند ماہ میں مکمل ہونا چاہیے، وہ برسوں تک مکمل نہیں ہو پاتا ہے، اس دوران اس کی لاگت کئی گنا بڑھا دی جاتی ہے اور قومی خزانے سے اربوں روپے نکال لیے جاتے ہیں۔ یہ صورتحال عوام کے ٹیکس کے پیسے کے ساتھ سنگین ناانصافی اور بدعنوانی کی واضح مثال ہے۔ ثروت اعجاز قادری نے کہا کہ کراچی کے شہری طنگ کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، مگر افسوس کہ انہیں بنیادی سہولیات سے بھی محروم رکھا جا رہا ہے۔ بار بار سڑکیں توڑنا، ناقص تعمیرات کرنا اور چند ماہ بعد دوبارہ وہی منصوبوں پر فنڈ زخرچ کرنا منظم کرپشن کی نشاندہی کرتا ہے۔ جس کی آزاد تحقیقات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر پیشہ ورانہ تھیکیداروں کو نوازنے اور ناقص مٹیریل استعمال کرنے کے باعث عوام کے خون پسینے کی کمائی برباد کی جارہی ہے۔ ستعدد منصوبے اختتام کے پہنچ کر عرصے بعد ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتے ہیں، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ معیار نگرانی اور شفافیت مکمل طور پر نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے حکومت سندھ، بلدیاتی اداروں اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ اگر وہ واقعی عوام سے مخلص ہیں تو ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر، کرپشن اور ناقص تعمیرات کے ذمہ دار افسران، ٹھیکیداروں اور ان کے سہولت کاروں کا بلاامتیاز احتساب کریں۔ تمام منصوبوں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے، غیر معیاری کام کرنے والی کمپنیوں کو بلیک لسٹ کیا جائے اور عوام کے سامنے منصوبوں کی لاگت، مدت اور معیاری عمل تفصیلات پیش کی جائیں۔

بی آر ٹی میں اربوں روپے کی کرپشن کا انکشاف، سندھ حکومت اپنے افسر کے پیچھے نہیں چھپ سکتا، سیف الدین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک انصاف کے سینئر رہنما اور سابق وزیر اعلیٰ سندھ سید مخدوم علی خان نے کراچی میں بی آر ٹی منصوبے میں کرپشن اور بے قاعدگیوں کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ شروع سے ہی شفافیت اور قواعد کی خلاف ورزی کا شکار رہا ہے اور وہ سب کچھ ہوا جو نہیں ہونا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام کو اس منصوبے کی بھاری قیمت ادا کرنی پڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کو اس منصوبے کی ذمہ داری قبول کرنی چاہیے اور اپنے افسر کے پیچھے چھپنے کے بجائے شفاف تحقیقات کرانی چاہئیں۔ مخدوم طاہر کا کہنا تھا کہ اگر سندھ حکومت واقعی کراچی کے عوام کو ریلیف دینا چاہتی ہے تو اسے اس منصوبے کی مکمل تحقیقات کرانی چاہئیں۔ مخدوم طاہر نے کہ

روزنامہ تشکر 1

بقیہ

انفوارٹ نے حملے کئے ۔ 27 جون کو کوئٹہ ٹرو بلاک پر دیے گئے ہیں ۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ سکیورٹی فورسز نے میران شاہ کے قریب حملہ ناکام کر دیا ۔ پاکستان کے خوفناکوں انفوارٹ کے ذریعے کوئٹہ کے علاقے میں خوارج کے متعدد دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا ۔ دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کر دیے گئے ۔ پاکستان نے بتایا کہ یہ کاروائی دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا ہے ۔ پاکستان سے حملے کرنے والے دہشت گرد افغانستان میں موجود ہیں اور وہاں دیسی ساخت کی فوجی بارودی سرنگیں بچھا رہے ہیں اور وہاں سے حملے کرتے ہیں ۔ پورے ملک میں دہشت گردوں کے خلاف کاروائی جاری ہے ۔ پاکستان کے خلاف دہشت گرد حملے کر رہے ہیں